© rasailojaraid.com



# ف۔ر۔ی

# مبارک ہو

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے ان تمام بزرگ ہستیوں کو جنہوں نے شیطان کے سر خاک ڈالتے ہوئے اہل حدیث کو خوشی سے نہال کر دیا۔

وہ بزرگ جنہوں نے اپنوں کو اپنوں سے ملا کر حقیقتاً بزرگ ہونے کا ثبوت دیا۔

**جزاھم اللہ تعالیٰ عن سائر اھل احدیث**

امید ہے کہ اب یہ ملاپ کسی بھی مقام پر دراڑھ کا گمان تک نہیں ہونے دے گا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس اتفاق واتحاد میں برکت دے، جماعت ومسلک کے لیے پہلے سے زیادہ سودمند ہو اور اللہ رب العزت اس اتفاق کو ہر قسم کے شر سے محفوظ فرمائے (آمین)

ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں قیادت سے لیکر ہر کارکن کو کہ جن کے ایثار وقربانی نے اہل حدیث کی زندگی میں یہ خوشی کا دن دکھایا۔

اور گذارش کرتے ہیں ہر اس فرد یا تنظیم سے جو بھی اس دھارے سے اب تک الگ ہے کہ آپ بھی اللہ تعالیٰ کی توحید، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت، ومسلک اہل حدیث کی ترویج واشاعت اور وطن عزیز پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کیلیے اپنے اپنے الگ تشخص کو قربان کرتے ہوئے مرکزی جمعیت اہل حدیث کے پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو (آمین)

اس دعا از من وجملہ جہاں آمین باد۔

**ایک دفعہ پھر مبارک ہو**



© rasailojaraid.com